Biology - 10th Class Biology Urdu Medium Chapter 16 Preparation

Q1. پریڈیشن سے کیا مراد ہے.

Ans 1: پریڈیشن یہ تعامل مختلف سپی شیز کے دو جانداروں یا ایک پودے اور ایک جانور کے درمیان پایا جاتا ہے. پریڈیشن میں ایک جاندار دوسرے جاندار پر حملہ کرتا ہے.اسے مار دیتا ہے اور پھر کھا جاتا ہے.

Q2. پیراساسائٹیزم کی تعریف کریں.

Ans 1: یہ سمبی اوسس کی ایک قسم ہے جس میں چھوٹا فریق بڑے فریق کے جسم سے خوراک ار تحفظ حاصل کرتا ہے اور بدلے میں اسے نقصان پہنچاتا ہے.

Q3. کومن سلزم اور میوچلزم میں ایک فرق لکھیے.

Ans 1: کومن سلزم : یہ سمبی اوسس کی وہ قسم ہے جس میں ایک فریق کو فائدہ ہوتا ہے جبکہ دوسرے کو نہ فائدہ ہوتا ہےنہ نقصان .مثال کے طور پر: شارک اور سکر مچھلی.

Ans 2: میوچلزم: اس طرح کی سمبی اوسس مین دونوں فریق فائدہ اٹھاتے ہیں.اور کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچتا . مثال:الجی اور لالگن وغیرہ .

Q4. ہوائی آلودگی کے چار اثرات لکھئے:

Ans 1: ہوائی آلودگی سے سموگ بنتا ہے. تیزابی بارش ہوتی ہے. اوزن کی کمی ہوتی ہے. ہوائی آلودگی سانس لینے میں دشوری پیدا کرتی ہے.

Q5. فوڈ چین اور فوڈ ویب کی تعریف کریں.

Ans 1: فوڈ چین : ایکوسسٹم کے اندر جانداروں کا ایک سلسلہ جس میں ہر جاندار اپنے سے پہلے موجود جاندارکو کھاتا ہے اور اپنے سے بعد والے کی خوراک بن جاتا ہے. فوڈویب: آپس میں مربوط فوڈچینز ایک جال کی طرح کی ساخت بناتی ہیں.اور آپس میں جڑی ان فوڈ چینز کو مجموعی طور پر فوڈویب کہتے ہیں.

Q6. ایکولوجیکل پائرامڈز پر مختصر نوٹ لکھیے.

Ans 1: ایکولوجیکل پائرامڈز سے مراد ایک فوڈ چین کے مختلف ٹرافک لیولز پر جانداروں کی تعداد یا بائیوماس کی مقدار یا انرجی کی مقدار کا اظہار ہے. ایکولوجیکل پائرانداز تین طرح کےہوتے ہیں. پائرامڈ آف نمبرز پائرامڈآف بائیو ماس پائرامڈ آف انرجی.

Q7. بائیوٹک اور اے بائیوٹک اجزاء میں فرق بیان کریں.

Ans 1: اے بائیوٹک : اے بائیوٹک اجزاء میں ایکوسسٹم کے اندر موجود تمام سب بے جان فیکٹرز شامل ہیں. روشنی ، ہوا ، پانی ، مٹی اور بنیادی ایلیمنٹس اور کمپاونڈز ایکو سسٹم کے اے بائیوٹک فیکٹرز ہیں.

Ans 2: بائیوٹک اجزاء: بائیوٹک اجزاء ایکوسسٹم کے جاندار حصہ پر مشتمل ہوتے ہیں. پروڈیوسرز، کنزیومرز اور ڈی کمپوزرز ایکوسسٹم کے بائیوٹک اجزاء ہیں.

Q8. آٹوٹروفس اور ہیٹروٹرفس میں فرق بیان کریں.

Ans 1: آٹوٹروفس : آٹوٹروفس ایسے جاندار ہیں جو ان آرگینک خام مادوں کو استعمال کرکے پیچیدہ آرگینک کمپاؤنڈز تیار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں. ایکوسسٹم کے تمام پروڈیوسرز آٹو ٹروفس ہوتے ہیں. پودے ، الجی اور فوٹوسنتھی سیز کرنے والے بیکٹریا یا اس کی مثالیں ہیں.

Ans 2: ہیٹروٹرفس : ہیٹروٹرفس ایسے جاندار ہیں جو اپنی خوراک خود تیار نہیں کر سکتے . اس لیے خوراک کے لیے آٹو ٹروفس پر انحصار کرتے ہیں. ایکو سسٹم کے تمام کنزیومرز ہیٹروفس ہیں. تمام جانور، فنجائی، پروٹوزوا ور زیادہ تر بیکٹریا یا اس کی مثالیں ہیں.

Q9. ہوائی آلودگی کے دو اثرات تحریر کریں.

Ans 1: سموگ بننا: جب ہائیڈروکاربنز اور نائٹروجن آکسائیڈز جیسے ہوائی آلود کار سورج کی روشنی کی موجودگی میں آپس میں ملتے ہیں تو سموگ بنتی ہے.یہ مختلف گیسوں کا ایک مجموعہ ہوتی ہے. خصوصاً سردیوں میں اس سے ایک زردی مائل بھوری دھند پیدا ہوتی ہے. اور دیکھنے کی حدود کم ہوجاتی ہیں.چونکہ سموگ میں آلودکار گیسیں ہوتی ہیں. اس لیے اس سے ریسپریٹری امراض اور الرجیز بھی ہوتی ہیں. تیزابی بارش: سلفر ڈائی آکسائیڈ اور نائٹروجن آکسائیڈ جیسے ہوائی آلود کار فضا میں موجود پانی سے تعامل کرتے ہیں اور تیزابی بارش پیدار کرتے ہیں.

Q10. پریڈیٹر اور پرے میں فرق واضح کریں.

Ans 1: پریڈیٹر: شکار کرنے والا جاندار پریڈیر کہلاتا ہے مثلاً شیر.

Ans 2: پرے: شکار ہونے والا جاندار پرے کہلاتا ہے.جیسے ہرن.
